5اپریل2021ء

# اسٹیٹ بینک نے فارن ایکسچینج مینوئل میں کمرشل ترسیلات پر نظر ثانی کے بارے میں تجاویز مانگ لیں

بینک دولت پاکستان مارکیٹ کی حرکیات کو پیش نظر رکھتے ہوئے اور بدلتے ہوئے کاروباری ماحول کے مطابق متعلقہ فریقوں کی مشاورت سے فارن ایکسچینج مینوئل پر مرحلہ وار نظر ثانی کررہا ہے۔اس نظر ثانی کا بنیادی مقصد متعلقہ فریقوں کی سہولت کی خاطر موجودہ ہدایات کو سادہ بنا کر، فالتو پہلو نکال کر اور مجاز ڈیلرز کو مزید اختیارات سونپ کر کاروبار کرنے کی آسانی کو فروغ دینا ہے۔

اس سلسلے میں فارن ایکسچینج مینوئل کے 11 ابواب (22 میں سے) پر پہلے ہی نظر ثانی کی جاچکی ہے۔ زرِ مبادلہ کے نظام کو مسلسل بدلتی ہوئی کاروباری حرکیات سے ہم آہنگ کرنے کے لیے فارن ایکسچینج مینوئل کا مجوزہ/مسودہ باب 14 (کمرشل ترسیلات) متعلقہ فریقوں کے تبصرے کے لیے اسٹیٹ بینک کی ویب سائٹ پر رکھ دیا گیا ہے۔

اس کا لنک یہ ہے:

https://www.sbp.org.pk/epd/Revised-Draft-Chapter-14-(Commercial-Remittance)-of-FE-Manual.pdf

ایف ای مینوئل کے مجوزہ/مسودہ باب 14 (کمرشل ترسیلات) کے بارے میں تبصرے/آراء/تجاویز بدھ 21 اپریل 2021ء تک اس ای میل پتے پر بھیجی جاسکتی ہیں:

feedback.epd@sbp.org.pk

*****